**19.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ حبیب الرحمٰن

**Music**

---

☆ پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ اجلاس کے دوران، بہت سے بِلوں کو منظوری دی گئی، جن میں وِکست بھارت جی رام جی بل بھی شامل ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سِول سروسز بھرتی میں ایمانداری اور دیانتداری پر زور دیا ہے۔ انہوں نے حیدرآباد میں ریاستی پبلک سروس کمیشنز کے چیئرپرسنز کی دو روزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، روایتی طریقۂ علاج سے متعلق عالمی صحت تنظیم کی دوسری عالمی سربراہ کانفرنس کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ وہ ''مائی آیوش'' مربوط خدمات پورٹل کا بھی آغاز کریں گے۔

☆ شمالی بھارت میں گھنے کہرے کے سبب ہوائی اڈوں کے کام کاج میں رکاوٹ آجانے کا امکان ہے۔ شہری ہوابازی کی وزارت نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ تازہ جانکاری حاصل کرتے رہیں۔

☆ مردوں کے کرکٹ میں آج شام احمدآباد میں 5 واں اور آخری ٹی-ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ، بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان کھیلا جائے گا۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، چین میں، BWF عالمی ٹور کے فائنلز میں، بھارت کی مردوں کی ڈبلز کی ستوک-چراغ کی جوڑی کا مقابلہ، ملیشیا کی Aaron Chia اور Soh Wooi Yik کی جوڑی سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev.House Adjourn Sine Die**

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی، غیر معینہ مدّت کیلئے ملتوی کر دی گئی ہے۔ اس طرح 19 دن تک چلنے والا موسمِ سرما کا اجلاس آج ختم ہو گیا۔ پہلے لوک سبھا کا اجلاس غیر معینہ عرصے کیلئے ملتوی کیا گیا اور اس کے بعد راجیہ سبھا کا اجلاس بھی ملتوی کر دیا گیا۔ لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اپنے اختتامی خطاب میں کہا کہ ایوان میں کام کاج تقریباً 111 فیصد ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ایوان کی کُل 15 نشستیں ہوئیں۔ انہوں نے ایوان کو خوش اسلوبی سے چلائے جانے میں تمام ممبروں کے تعاون کیلئے اُن کا شکریہ ادا کیا۔

**S/B - 1350 Om Birla**

اپنے اختتامی خطاب میں راجیہ سبھا کے چیئرمین سی پی رادھا کرشنن نے کہا کہ ایوان میں تقریباً 92 گھنٹے کام کاج ہوا اور ایوان کی کارروائی تقریباً 121 فیصد ریکارڈ کی گئی۔

انہوں نے کہا کہ اجلاس کے دوران 59 پرائیویٹ ممبرس Bills پیش کیے گئے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایوان میں قومی گیت ''وندے ماترم'' کی 150 ویں سالگرہ پر ایک خصوصی مباحثہ ہوا، جس میں 82 ارکان نے بحث میں حصہ لیا۔

راجیہ سبھا چیئرمین نے کہا کہ ایوان میں چناوٗ اصلاحات پر بھی بحث ہوئی، جس میں 57 ممبروں نے ملک کے جمہوری عمل کو مضبوط کرنے کے بارے میں اپنی قیمتی رائے اور معلومات کا اظہار کیا۔

**S/B - Radhakrishnan - RS 29 sec**

جناب رادھا کرشنن نے حزب اختلاف کی جانب سے کل کے اجلاس کے دوران رخنہ ڈالنے پر تشویش کا اظہار کیا۔

انہوں نے کہا کہ نعرے بازی کر کے، پلے کارڈز نمایاں کر کے، بحث و مباحثے میں وزیر موصوف کے جواب کے دوران خلل ڈالنے اور ایوان کے وسط میں کاغذات پھاڑنے اور اُنہیں پھینکنے سے پارلیمنٹ کے ممبروں کے ناشائستہ رویے کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ارکان مستقبل میں اس طرح کے نامناسب رویے کو نہیں دوہرائیں گے۔×

**RS - Gram Bill**

پارلیمنٹ نے روزگار کیلئے وِکست بھارت گارنٹی اور آجیوکا مشن گرامین : وِکست بھارت جی رام جی بل 2025 کو منظوری دے دی ہے۔ اِس بل کو کل رات راجیہ سبھا سے منظوری دی گئی۔ لوک سبھا نے اِسے کل منظور کردیا تھا۔ اِس بل میں دیہی ترقی کا ایک فریم ورک پیش کیا گیا ہے، جو وِکست بھارت 2047 کے قومی وِژن کے مطابق ہے۔ راجیہ سبھا میں دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شوراج سنگھ چوہان نے بحث کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت قومی مقصد کے نعرے پر کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گاؤوں کی ترقی کے بغیر ملک ترقی نہیں کرسکتا۔ وزارت نے کہا کہ حکومت سماج کے محروم طبقے کی خدمت کیلئے انتھک کام کررہی ہے۔

**SB - Shivraj SIngh - Ji Ram JI**

**Parliament**

ہمارے نامہ نگار نے پارلیمنٹ کے موسمِ سرما کے اجلاس کے دوران ہوئی کارروائی پر ایک رپورٹ پیش کی ہے۔

**V/C - Anand**

*پارلیمنٹ کا موسمِ سرما کا اجلاس آج ختم ہوگیا، جو پہلی دسمبر کو شروع ہوا تھا۔ اجلاس کے دوران لوک سبھا اور راجیہ سبھا میں قومی گیت ''وندے ماترم'' کی 150 ویں سالگرہ اور چناوٗ اصلاحات کے بارے میں خصوصی بحث ہوئی اس کے علاوہ اجلاس کے دوران کئی اہم بل پاس کیے گئے۔ اجلاس کے دوران وِکست بھارت-روزگار کیلئے گارنٹی اور Ajeevika مشن گرامین، وِکست بھارت-G Ram G بل 2025 پاس کیے گئے۔ اس بل کے تحت ہر دیہی گھر کو، ہر مالی سال میں کام کاج کے 100 دن*

کی اُجرت کے بجائے 125 دنوں کی اُجرت فراہم کی جائے گی۔

نئی دِلّی سے آنند کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں............

**Prez - National Conference (Early)**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے حیدرآباد میں اب سے کُچھ دیر پہلے اسٹیٹ پبلک سروس کمیشنز PSCs کے چیئرپرسنز کی دو روزہ قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ انہوں نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے پبلک سروس کمیشنز سے زور دے کر کہا کہ وہ افسر شاہوں کی بھرتی کرتے ہوئے ایمانداری اور دیانتداری کو سب سے زیادہ ترجیح دیں۔

**SB - Prez**

اِس سے پہلے، تلنگانہ کے گورنر جِشنو دیو وَرما نے سبھی مرحلوں کے دوران، بھرتی کے عمل میں شفافیت اور مقررہ وقت کے اندر اندر بھرتی کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سلسلے میں مجوزہ اعداد و شمار سے، ملک میں بھرتی کے عمل کو مستحکم بنانے میں مدد ملتی ہے اور تلنگانہ PSC اِس میں ایک اہم رول ادا کرے گا۔

اِس سے پہلے تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کے چیئر مین بی وینکٹیشم نے بتایا کہ یہ دو روزہ کانفرنس PSCs اور UPSC کو یکجا کرنے کے ایک پلیٹ فارم کا کام انجام دے گی، جہاں سرکاری ملازمتوں کے بھرتی کے عمل میں درپیش چیلنجوں اور مسائل کے ساتھ ساتھ اصلاحات پر بات چیت کی جاسکے گی۔×

**PM - WHO Summit**

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں روایتی طریقۂ علاج کے بارے میں عالمی صحت تنظیم WHO کی دوسری عالمی سربراہ کانفرنس کی اختتامی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اِس موقع پر وزیراعظم کانفرنس سے خطاب کریں گے اور My Ayush مربوط خدمات پورٹل سمیت آیوش کے کئی اہم اقدامات کا آغاز کریں گے۔ جناب مودی Ayush Mark بھی جاری کریں گے، جسے آیوش اشیا اور خدمات کی کوالٹی کے عالمی پیمانے کے طور پر طے کیا گیا ہے۔

ایک رپورٹ

**V/C - Priya**

اس پروگرام کے دوران جناب مودی یوگ میں تربیت کے بارے میں عالمی صحت تنظیم کی تکنیکی رپورٹ اور آیوش میں کایا پلٹ کے گیارہ سال کے موضوع پر ایک کتاب کی رسمِ اجرا بھی انجام دیں گے۔

وزیراعظم اشوگندھا کے بارے میں ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کریں گے، جو بھارت کے روایتی طبی ورثے کو عالمی سطح پر تسلیم کیے جانے کی عکاسی کرتا ہے۔ جناب مودی اُن افراد کی عزت افزائی بھی کریں گے، جنھیں 2021-25 کیلیے یوگ کے فروغ میں اُن کی گراں قدر خدمات کیلیے وزیراعظم کے ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔

جناب مودی ایک نمائش بھی دیکھیں گے، جس میں روایتی طریقۂ علاج کے تعلق سے گوناگونیت اور

اِس کی افادیت کی عکاسی کی گئی ہے۔
آکاشوانی نیوز سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں ............

**PM Visit Ehiopian Reax**

وزیر اعظم نریندر مودی نے تین ملکوں اُردن، ایتھیوپیا اور Oman کا تین روزہ دورہ مکمل کر لیا ہے۔ ایتھیوپیا کی حکومت کو، وزیر اعظم کے اس دورے سے کافی امیدیں ہیں۔
ایک رپورٹ

**V/C - Sushil Sharma**

بھارت، ایتھیوپیا کو کئی شعبوں میں مدد دے رہا ہے۔ اب وزیر اعظم نریندر مودی کے اس دورے اور کئی معاہدوں پر دستخط ہونے کے بعد ایتھیوپیا کے عوام امید کر رہے ہیں کہ اس مدد میں، آئندہ دنوں میں مختلف شعبوں کو کافی زیادہ فروغ حاصل ہوگا۔
ہمارے نامہ نگار سے بات کرتے ہوئے وفاقی جمہوریہ ایتھیوپیا کی، خواتین اور سماجی امور کی وزیر نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کے دورے میں جن معاہدوں پر دستخط کیے گئے ہیں، اُن سے اُن کے ملک کی خواتین کو کافی زیادہ مدد ملے گی۔
وزیر اعظم نریندر مودی کے دورے میں ایتھیوپیا کے عوام میں زبردست جوش و خروش پایا جاتا اور امید ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات نئی اونچائیوں تک پہنچیں۔
ایتھیوپیا کے شہر اَدِیس ابابا سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ............

**Trains Delayed**

گھنے کہرے کے سبب کم دکھائی دینے سے ملک کے مختلف حصوں میں بہت سی ٹرینوں کی آمدورفت میں رخنہ پڑا ہے۔ بھارتی ریلویز کے مطابق کم و بیش 60 ٹرینوں کی آمدورفت میں 5 گھنٹے تک تاخیر ہوئی۔ مسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اسٹیشن پر پہنچنے سے پہلے ٹرینوں کے آنے جانے کے اوقات کی تازہ جانکاری حاصل کر لیں۔×

**Jaishankar UN Delegates**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کثیر پارٹی پارلیمانی وفود کے ارکان کے ساتھ بات چیت کی، جنھوں نے حال ہی اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں بھارت کی نمائندگی کی تھی۔
سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر ڈاکٹر جے شنکر نے عالمی سطح پر بھارت کے موقف کو پیش کرنے کیلیے اِن ارکان کی تعریف کی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے اُن کے تجربات بھی سنے اور اُن کی رائے کی ستائش کی۔×

**Senior IIS Officer Death**

انڈین انفارمیشن سروس IIS کے سینئر افسر Baqar Mirza کا دل کا دورہ پڑنے سے کل دیر رات انتقال ہوگیا۔ وہ 67 برس کے تھے۔ اپنے شاندار کیریئر کے دوران میرزا نے آکاشوانی، ڈی ڈی نیوز، Publication Division اور P.I.B سمیت اطلاعات و نشریات کی وزارت کے مختلف محکموں میں اپنی خدمات انجام دیں۔ وہ کئی سال تک حیدرآباد میں آل انڈیا ریڈیو کے خبروں کے علاقائی یونٹ کے سربراہ بھی رہے۔ مرزا گواہاٹی کے ڈی ڈی نیوز میں جوائنٹ ڈائریکٹر کی حیثیت سے 2018 میں رٹائر ہوئے۔×

**Rev. MOCA - Passenger Advisory**

شہری ہوابازی کی وزارت نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ گھنے کہرے کی وجہ سے پروازوں میں رکاوٹ آجانے کے دوران، ایئرلائنز، ہوائی اڈوں اور سرکاری پلیٹ فارمز کے ذریعے تازہ جانکاری حاصل کرتے رہیں۔ وزارت نے مسافروں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بلا رکاوٹ سفر کیلئے اضافی وقت کی اجازت دیں۔ وزارت نے بتایا کہ وہ بھارت کے محکمۂ موسمیات کے ساتھ قریبی رابطہ رکھے ہوئے ہیں اور پروازوں سے متعلق فیصلے، موسم کی بروقت جانکاری کی بنیاد پر کیے جارہے ہیں۔ اُس نے کہا کہ کچھ ایئرلائنز نے کچھ پروازیں منسوخ کردی ہیں اور مسافروں کو پیشگی طور پر اطلاع دے دی ہے تاکہ وہ ہوائی اڈوں پر بلاضرورت نہ آئیں۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ ایئرلائنز، متاثرہ مسافروں کی رقوم واپس کررہی ہیں اور دوبارہ پروازوں کے اوقات مفت طے کررہی ہیں۔×

**Cricket T20 Ind Vs SA**

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان پانچواں اور آخری ٹی۔20 بین الاقوامی میچ آج احمد آباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ شام سات بجے شروع ہوگا۔

سوریہ کمار یادو کی قیادت میں بھارتی ٹیم اس وقت دو-ایک سے سبقت لیے ہوئے ہے اور وہ جنوبی افریقہ کے خلاف سیریز اپنے نام کرنا چاہے گی۔

بدھ کے روز لکھنؤ میں چوتھا ٹی۔20 میچ گھنے کہرے کی وجہ سے منسوخ کردیا گیا تھا۔x

**Badminton**

بیڈمنٹن میں آج شام چین میں BWF ورلڈ ٹور فائنلز میں ساتوِک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کا مقابلہ ملیشیا کی Aaron Chia اور Soh Wooi Yik سے ہوگا۔ بھارت کی مردوں کی ڈبلز کی جوڑی فی الحال گروپ میں سرِ فہرست ہے۔ اس سے پہلے بھارتی جوڑی نے BWF ورلڈ ٹور فائنلز میں سیمی فائنل مقابلے میں انڈونیشیا کی جوڑی کو 21-11، 16-21 ، 21-11 سے ہرایا تھا۔×

**Cricket U19 Asia Cup**

19 سال سے کم عمر کے ایشیاء کرکٹ کپ 2025 کیلئے بھارت اور سری لنکا کے درمیان سیمی فائنل میچ میں میدان گیلا ہونے کی وجہ سے ٹاس میں تاخیر ہوئی۔ یہ میچ دبئی ICC اکیڈمک گراؤنڈ میں کھیلا جانا ہے۔ آیوش Mhatre کی قیادت میں بھارتی ٹیم کو ایشیاء کپ کرکٹ کے گروپ مرحلے میں غلبہ حاصل ہے اور وہ سری لنکا کے خلاف سیمی فائنل کیلئے زیادہ بہتر بتائی جا رہی ہے۔ گروپ مرحلے میں بھارت نے متحدہ عرب امارات، پاکستان اور ملیشیاء کو ہرایا تھا۔ اب سبھی کی توجہ کا مرکز Vaibhav سوریہ ونشی رہیں گے، جنہوں نے ایک سنچری اور ایک نصف سنچری بنا کر ٹورنامنٹ میں ٹیم کا حوصلہ برقرار رکھا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆